عزیزم اسعد علیکم اللہ تعالیٰ - السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ -

تمہارا خط پہونچا اور کتابوں کے امتحان اور نمبر کا حال معلوم کرکے بہت خوشی ہوئی - خدا کرے باقیماندہ کتابوں میں بھی ایسے ہی اچھے نمبر آئیں - اس سے پتہ چلتا ہے کہ تم نے کتابوں کے پڑھنے اور یاد کرنے میں اچھی محنت کی ہے - اسی کی بہت ضرورت ہے - خوب محنت کے ساتھ کتابوں کو پڑھو اور جلد کامیابی کے ساتھ تمام علوم اور فنون سے فراغت حاصل کرو - علم ہی سے انسان شرافت حاصل کرتا ہے - یہ سب تمہاری محنت اور سعادتمندی کیلئے ذریعہ ہوگا - جناب تایا صاحب کی توجہ اور عنایت تمہارے لیے اکسیر ہے اونکا حکم برابر مانا کرو - وہ تم پر بہت شفیق ہیں - اللہ تعالیٰ اونکو دونوں جہان میں خایر الرام فرمائے آمین - اور اپنی آپا کو ہمیشہ خوش رکھو - اور اونکا کہنا مانو اور کسی قسم کا فکر نہ کرو - میں نے اس سے پہلے خط بھیجا ہے تمکو ملا ہوگا - تمکو میری گرفتاری کا کچھ بھی خیال نہ ہونا چاہیئے - اللہ کو منظور ہے تو میں جلد آؤنگا - سب لوگوں سے خصوصاً اپنی آپا - شبراتن - اپنی دونوں بہو بہنوں اور گھر میں آنیوالی عورتوں سے سلام کہدو - نیز شبیر - نصیر - محمد امین - محمد مختار - متولی جی - منشی محمد شفیع صاحب - اور دوسرے پرسان حال احباب سے سلام مسنون کہدو - والسلام

تمام استادوں کا ادب کیا کرو - کسی کی شان میں نہ پہنچے نہ سنے کوئی گستاخی نہ کرو -

تمہارے خیر اندیش احمد غفرلہ
۲۵ - رجب ۱۳۶۱

یہ خط میرے حبیب میں تھا - میں نے پہلے لکھا تھا مگر مولوی یسین صاحب نگران ہوگئے تم نے جو کہا تھا کہ نصیحت مجھکو لکھنا - میں نے پہلے خط میں بھی ضروری نصیحتیں لکھی تھیں اور اب بھی لکھدی ہوں - خلاصہ یہ ہے کہ مطمئن الخاطر ہو کسی قسم کا فکر اور اضطراب دل میں نہ آنے دو اور نہ کسی سے اظہار کرو - اپنی آپا اور قاری صاحب کا حکم مانو کبھی خلاف نہ کرو - استادوں اور دیگر مربیوں کا ادب کرو - پنجگانہ نماز اور جماعت کا خیال رکھو کسی وقت کی نماز قضا نہ ہو صبح کے وقت کی نماز کا بہت زیادہ اہتمام کرو - سب سے اچھے اخلاق سے پیش آؤ - شریر اور بدوضع لڑکوں اور طلباء کے پاس مت جاؤ - تمہارا خط ابھی صاف نہیں ہوا ہے اسلئے لکھنے کی مشق زیادہ کرو - کتابوں کے پڑھنے میں پورا دھیان لگاؤ اور محنت کرو - سعادتمند ارشد فرید سعید شبیہ ضیغم رضیہ سب کو محبت سے پیش آؤ - بھائی محمد طیب صاحب بھائی محمد صاحب عزیز فضل الرحمٰن اونکی والدہ ماجدہ مولوی سعید الدین اور دوسرے اعزہ سب کے سب تمہارے عزیز ہیں - خصوصاً بھائی طیب صاحب اور بھائی محمد شبیر صاحب ہم سب بھائیوں سے بڑے اور بھائی جان والد مرحوم کے ہیں انکا ادب اور لحاظ کیا کرو - بیٹے تمہارے دادا مرحوم کا گھرانہ ہے یہی نیز ڈاکٹر زوار حسین صاحب اونکی ہمشیرہ صاحبہ فاضلہ بو اور نصیر صاحب گاؤں صاحب سب تمہارے نانا مرحوم کی اولاد اور نہایت قریبی رشتہ دار ہیں ان سے بھی ادب اور احترام کا سلوک رکھو - والسلام

تمہارے خیر اندیش احمد غفرلہ
۲۵ رجب ۱۳۶۱